تبصرہ کتب

نام کتاب: کتاب وسنت کے مطابق نماز

مصنف: محمد ابو سعید الیاربوزی

مترجم: ڈاکٹر خالد ظفر اللہ

تبصرہ نگار: محمد اسحاق طاہر

مطبع: مکتبہ اسلامیہ بھوانہ بازار فیصل آباد

ضخامت: 144 صفحات

قیمت:

نماز دین اسلام کا ستون اور اس کا رکن لازم ہے۔ کلمہ شہادت کے بعد شریعت نے سب سے زیادہ اقامت صلوٰۃ کی تاکید کی ہے۔ دین میں نماز کی اہمیت و مقام مسلّم ہے' جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ قرآن حکیم میں سب سے زیادہ جس فریضہ کی پاسداری پر زور دیا گیا ہے وہ نماز ہے۔ نماز توحید کے حقیقی اظہار میں پہلا مرحلہ ہونے کے ناطے عظیم اہمیت کی حامل ہے۔ اقامت صلوٰۃ سے ہی مسلم و غیر مسلم میں تمیز ہوتی ہے۔ فرمان نبویؐ:

''بين العبد و بين الكفر ترك الصلوة'' کے مطابق نماز اسلام و کفر کے درمیان حدّ فارق ہے۔

اسلام نے جہاں نماز کی اہمیت و فضیلت کو بیان کیا' وہاں اس بات پر بھی زور دیا کہ اسے شارع کے احکام وارشادات کی روشنی میں ادا کیا جائے' یوں نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کے درمیان اس فریضہ کو بجالا کر حکم فرما دیا کہ ''صلوا كما رايتمونی اصلی'' یعنی تم میرے طریقے کے مطابق ہی نماز ادا کرو۔ لہٰذا نماز کو اسی کیفیت اور انہی آداب و اوصاف کے مطابق ادا کرنے کی صورت میں معتبر قرار دیا گیا ہے' جو اسکی کیفیات و صفات شریعت نے بیان کی ہیں اور جس طریقے کے مطابق سرورِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر کے دکھلائی ہے۔

احادیث مبارکہ میں نماز کا تفصیلی تذکرہ ملتا ہے' لیکن بعض اہل علم و فضل نے اس عظیم عبادت کی خصوصی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے نوکِ قلم کو جنبش دی اور مکلفین کے لئے صلوٰۃ نبیؐ کا نقشہ و نمونہ نہایت سہل و احسن انداز میں سامنے رکھ دیا۔ انہی صاحب علم و دانش حضرات میں عظیم المرتبت شخصیت فضیلۃ الشیخ محمد ابو سعید الیاربوزی کی ہے' جو ترکی سے تعلق رکھتے ہیں۔ موصوف نے اپنے ترکی ہم وطنوں کو صحیح طریقہ صلوٰۃ سمجھانے کے لئے ترکی زبان میں یہ کتاب تالیف فرمائی' جس میں مسائل نماز نہایت باریک بینی اور جامعیت کے ساتھ خالص منہج محدثین پر پیش کئے گئے ہیں۔ فاضل مصنف نے احادیث سے دلائل پیش کر کے ہر پہلو اور ہر جہت سے مسائل صلوٰۃ کا احاطہ کیا ہے۔ یہ خصوصیت ان کی کتاب کی اہمیت کو بالا کر دیتی ہے کہ انہوں نے بطور دلیل صرف صحیح احادیث کو پیش کیا ہے اور بسا اوقات اس مسئلہ میں منقولہ ضعیف احادیث کی بھی نشاندھی فرمادی ہے۔ اس طرح شیخ مکرم کی ذخیرہ احادیث پر واقفیت و دسترس روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے۔

اس کتاب کو اردو قالب میں ڈھالنے کی سعادت ڈاکٹر خالد ظفر اللہ صاحب کو حاصل ہوئی' جنہوں نے اردو ترجمہ کرنے کے ساتھ ساتھ بعض مقامات پر حک واضافہ سے بھی کام لیا' جو کہ موصوف کی علمی قابلیت و دانش کا مظہر ہے۔ ترجمہ کرنے کا انداز نہایت سلیس اور عام فہم ہے۔ اس طرح یہ کتاب اردو زبان کی شاہکار تصنیف بن گئی ہے' جسے مکتبہ اسلامیہ فیصل آباد نے شائع کر کے ایک دینی و ملّی خدمت سرانجام دی ہے۔

فاضل مصنف کی یہ کتاب نہایت اہم' موجب علم اور باعث عمل ہے۔ نماز سیکھنے کیلئے اس کتاب کا مطالعہ از حد ضروری ہے۔ عام قارئین کیلئے یہ علمی استفادہ کی باعث اور نہایت سود مند ثابت ہو گی۔